ڈپلوما سرٹیفکیٹ انٹرنس امتحان کا انعقاد آج

بہار شریف کے 14 مراکز پر 11500 امیدواروں کی شرکت

بہار شریف(ایس ایم عالم/ایس این بی) ایس ڈی او بہار کی صدارت میں نگر بھون نالندہ میں بہار کمبائنڈ انٹرنس ٹسٹ کاؤنسل کے ذریعہ ڈپلوما سرٹیفکیٹ انٹرنس کمپیٹیو اگزام (PE/PM/PMM)- 2024 کے کامیاب انعقاد کے لئے متعلقہ سنٹر انچارج اور مجسٹریٹ کے ساتھ بریفنگ کی۔ مذکورہ امتحان آج 22 جون اور 23 جون کو بہار کے مختلف حصوں میں منعقد ہونے جارہا ہے۔ بہار شریف سب ڈویزن کے تحت 14 امتحان مراکز پر 11500 امیدواروں کے شامل ہونے کے امکان ہیں۔ شفاف اور بدعنوانی سے پاک ماحول میں امتحان کے انعقاد کے لئے انتظامیہ پوری طرح سے الرٹ ہے۔ امتحان کے کامیاب انعقاد کے لئے 50 سنٹر آبزرور، 33 اسٹیٹک مجسٹریٹ، 4 فلائنگ دستہ مجسٹریٹ کی ماموری کی گئی ہے۔ اس امتحان کے کامیاب انعقاد کے لئے ضلع ہیڈکوارٹر بہار شریف میں 14 امتحان مراکز پر سیکورٹی کے سخت نظم کئے گئے ہیں۔ 22 جون کو پی ای (پالیٹکنک انجینئرنگ) کا امتحان صبح 11 بجے سے دن کے 1.15 بجے تک اور 23 جون کو (پی ایم انٹرمیڈیٹ سطحی) پہلی سیٹنگ 11 بجے دن سے 1.15 منٹ تک اور دوسری سیٹنگ پی ایم ایم (سیکنڈری سطحی) دن کے 2 بجے سے شام 4.15 بجے تک منعقد کی جائے گی۔ پرامن بدعنوانی سے پاک اور بلاخوف وخطر ماحول میں امتحان کے انعقاد کے مقصد کے تحت امتحان دہندگان کے لئے کسی بھی طرح کے الیکٹرانک آلات کو امتحان مرکز پر ساتھ لے جانا مکمل طور پر ممنوع قرار دیا گیا ہے۔ سبھی امتحان مراکز پر جیمر، سی سی ٹی وی کیمرے، ویڈیو گرافی کا پختہ نظم کیا گیا ہے۔ امتحان مراکز کے لئے جن مجسٹریٹ کی تعیناتی کی گئی ہے انہیں ضلع انتظامیہ کے اعلیٰ افسران کی جانب سے امتحان کے شروع ہونے سے لیکر ختم ہونے تک لگاتار مانیٹرنگ کرتے رہنے کی ہدایت دی گئی ہے۔ امتحان کے کامیاب انعقاد کے لئے ضلع سطحی کنٹرول سیل ٹیلی فون نمبر 06112-235288 ہر وقت کام کرتا رہے گا۔ ضلع سطحی کنٹرول سیل میں الگ سے مجسٹریٹ کی ماموری بھی کی گئی ہے۔ سبھی امتحان دہندگان کو کاؤنسل کے ذریعہ جاری ہدایت پر صد فیصد عمل کرتے ہوئے امتحان کے منظم انعقاد کو یقینی بنایا ضروری ہے۔ سبھی مامور مجسٹریٹ اور پولیس افسران کو امتحان کی تاریخ کے دن وقت سے قبل یقینی طور پر اپنے اپنے فراہم کردہ امتحان مرکز پر پہنچنے کی ہدایت دی گئی ہے۔ اس موقع پر اسپیشل ورک افسر، خفیہ سیل، ضلع ایجوکیشن افسر، سب ڈویزنل عوامی شکایت نمٹارہ افسر سمیت متعلقہ مجسٹریٹ بھی موجود تھے۔

راجندر نگر۔ہاوڑا ایکسپریس کو آرہ جنکشن سے چلنے کی امید

آرہ(ایس این بی) بھوجپور والوں کو ریلوے کی طرف سے ایک اور سوغات مل سکتی ہے۔ اگر سب کچھ ٹھیک ٹھاک رہا تو آرہ جنکشن سے کولکاتہ کے لیے جلد ہی ٹرین کھلے گی۔ اس سے کولکاتہ کا سفر آسان ہوجائے گا۔ بتایا جاتا ہے کہ ریلوے کی طرف سے قبل کی تجویز کے تحت دانا پور ریل ڈویز. کے تحت راجندر نگر۔ ہوڑہ ایکسپریس کو آرہ جنکشن سے چلانے کا منصوبہ بنایا جارہا ہے۔ حالانکہ یہ ٹرین آرہ جنکشن سے کب کھلے گی یہ ابھی صاف نہیں ہو پایا ہے۔ معلوم ہو کہ آرہ جنکشن سے ٹرین نمبر 12352 اور 12351 کو شروع کیا جانا ہے۔ اس کو لے کر فزیبلیٹی رپورٹ تین ماہ پہلے ہی بھیجی جاچکی ہے۔ امید ہے کہ ریلوے جلد ہی اس کی توسیع آرہ تک کردے گی۔ واضح ہو کہ آرہ جنکشن سے رات میں ٹرین کھلنے کے لیے واشنگ پٹ خالی رہا ہے۔ اسے لے کر واشنگ پٹ میں مینٹیننس کرنے والے لوگوں کے پاس خالی جگہ رہ رہا ہے۔ ریلوے ذرائع کے مطابق جولائی کے پہلے ہفتہ میں اس کا ٹرائل کیا جاسکتا ہے۔ فی الحال ریلوے کے خط کا انتظار کیا جارہا ہے۔

سڑک حادثہ میں بچہ کی موت

نوادہ(ایس این بی) بہار میں نوادہ ضلع کے تھالی تھانہ علاقے میں جمعہ کی صبح موٹر سائیکل کی زد میں آکر ایک سات سالہ بچے کی موت ہوگئی۔ پولیس ذرائع نے یہاں بتایا کہ علی الصبح اکبر پور۔تھالی روڈ پر تیز رفتار موٹر سائیکل کی زد میں آکر سات سالہ بچے کی موت ہوگئی۔ حادثے کے بعد موٹر سائیکل سوار گاڑی چھوڑ کر فرار ہوگیا۔ متوفی کی شناخت دنیار گاؤں کے کارو مانجھی کے پوتے کے طور پر کی گئی ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ واقعہ پر مشتعل لوگوں نے جائے وقوعہ کے قریب سڑک جام کردی۔ معاملے کی اطلاع ملتے ہی پولیس نے موقع پر پہنچ کر لوگوں کو سمجھایا اور جام ختم کروایا۔

مختلف علاقوں سے نوجوان اور حاملہ عورت کی لاشیں برآمد

سسرال والوں پر نوجوان کے قتل کا الزام، پولس جانچ میں مصروف

بہار شریف(ایس این بی) نالندہ میں دو مختلف علاقوں سے ایک نوجوان اور ایک حاملہ خاتون کی لاش برآمد ہوئی ہیں۔ رہوئی تھانہ علاقہ کے مے فریدا گاؤں میں ایک نوجوان کی لاش جھاڑی سے ملی، جب کہ ہلسہ تھانہ علاقہ کے مکن پور گاؤں کے کھندا میں واقع سوکھے پین میں ایک خاتون کی لاش ملی۔ پہلے واقعہ میں مے فریدہ گاؤں کی جھاڑیوں سے ایک نوجوان کی لاش ملی۔ مہلوک کی شناخت استھاواں تھانہ حلقہ کے ڈمراواں گاؤں باشندہ تنک یادو کے بیٹے للت یادو کے طور پر کی گئی۔ مہلوک کے کنبہ کے لوگوں نے بتایا کہ تین دن پہلے للت یادو اپنے سسرال مے فریدہ گاؤں آئے تھے۔ جمعہ کی صبح مئی فریدہ گاؤں کے کھندا میں جھاڑی سے لاش برآمد کی گئی ہے۔ مہلوک کے کنبہ والوں کا الزام ہے کہ پیٹ پیٹ کر قتل کیا گیا ہے۔ رہوئی کے تھانیدار کنال کمار نے بتایا کہ لاش کو پوسٹ مارٹم کے لئے صدر اسپتال لایا گیا ہے اور پوسٹ مارٹم رپورٹ آنے کے بعد ہی واضح ہوگا کہ موت کیسے ہوئی ہے۔ دوسرا واقعہ ہلسہ تھانہ حلقہ ارپا پنچایت کے مکن پور گاؤں کا ہے۔ جہاں کھندا واقع سوکھے پائن میں 20 سالہ نامعلوم حاملہ عورت کی لاش ملی ہے۔ گاؤں والوں نے بتایا کہ جل جیون ہریالی کے تحت مکن پور گاؤں کے کھندا میں پین کی صفائی ہو رہی ہے۔ اسی دوران عورت کی لاش پھینکا ہوا ملا۔ ہلسہ تھانہ کی پولیس موقع واردات پر پہنچ کر معاملے کی جانچ میں لگ گئی ہے۔ ہلسہ تھانہ انچارج ابھیجیت کمار نے بتایا کہ لاش کی شناخت کی کوشش کی جارہی ہے۔

سڑک حادثہ میں بائک سوار نوجوان کی موت

دوست کے ساتھ گھر لوٹنے کے دوران نامعلوم گاڑی نے ماری ٹکر

بہار شریف(ایس این بی) سڑک حادثہ میں بائک سوار ایک نوجوان کی جمعہ کو موت ہوگئی۔ ایک زخمی ہو گیا۔ یہ معاملہ این ایچ۔20 بختیار پور رجولی فورلین کے وینا تھانہ حلقہ کے تحت اروت گاؤں کے نزدیک پیش آیا۔ مہلوک کی شناخت نور سرائے تھانہ حلقہ کے سرسیا بگہا گاؤں باشندہ سوجیت جمعدار کا (22) سالہ بیٹا راکی کمار ہے۔ جبکہ اس حادثہ میں راکی کا دوست ونئے چوہان زخمی ہوگیا۔ جس کا علاج پاواپوری میڈیکل کالج میں چل رہا ہے۔ واقعہ کے سلسلے میں راکی کمار کے گھروالوں نے بتایا کہ بائک پر سوار ہوکر راکی اپنے دوست ونئے چوہان کے ساتھ ہرنوت کے دھرم پور گاؤں سے کنبہ کے یہاں سے جمعرات کی رات گھر لوٹ رہا تھا، تبھی زیرتعمیر این ایچ۔20 پر اروت گاؤں کے نزدیک نامعلوم گاڑی نے ٹکر ماردی۔ جس سے دونوں شدید طور سے زخمی ہوگئے۔ پولیس کی مدد سے دونوں زخمیوں کو علاج کے لئے ہرنوت ریفرل اسپتال میں بھرتی کرایا گیا، جہاں سے نازک حالت کو دیکھتے ہوئے پاواپوری میڈیکل کالج ریفر کردیا گیا۔ علاج کے دوران راکی کی حالت نازک ہوگئی۔ جس کے بعد پی ایم سی ایچ ریفر کردیا گیا۔ راستے میں جانے کے دوران راکی کی موت ہوگئی۔ اس کے بعد موت کی جانکاری وینا پولیس کو دی گئی۔ وینا تھانہ انچارج منوج کمار نے بتایا کہ لاش کو قبضے میں لیکر پوسٹ مارٹم کراکر گھروالوں کو سپرد کردیا گیا ہے۔ درخواست ملنے پر آگے کی کارروائی کی جائے گی۔ فی الحال پولیس پورے معاملے کی جانچ میں لگ گئی ہے۔ جانچ میں یہ بات سامنے آئی ہے کہ ڈیوائیڈر سے ٹکرانے سے بائک سوار نوجوان زخمی ہوگیا تھا۔ علاج کے درمیان ایک نوجوان کی موت ہوگئی ہے اور دوسرا زیرعلاج ہے۔

عالمی یوم یوگا پر شیرگھاٹی میں تقریب کا انعقاد

NATIONAL SERVICE SCHEME
S.M.S.G. Collage, Sherghati (Gaya)
Organizing Programme
on
INTERNATIONAL DAY OF YOGA
DATE : 21 June, 2024

شیرگھاٹی (ایس این بی) شیرگھاٹی سب ڈویزن حلقہ میں بین الاقوامی یوگا دیوس کے موقع پر جمعہ کو پرجوش طریقے سے تقریب کا انعقاد کر یوگ کیا گیا۔ شیرگھاٹی ایس ایم ایس جی کالج اور رنگ لال اسکول کے میدان میں اہم تقریب کا انعقاد کیا گیا جہاں کافی تعداد میں لوگوں نے یوگا کیا۔ این ایس ایس اکائی کے پروگرام افسر ڈاکٹر لکھ بھدر نروکا نے بتایا کے ایس ایم ایس جی کالج شیرگھاٹی میں بھی یوگا کا اہتمام کیا گیا۔ تقریب کا افتتاح پرنسپل این کے سنگھ نے کیا۔ انہوں نے اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے یوگا کی اہمیت پر روشنی ڈالا اور کہا کے یوگا طلبہ کے صحت کے لئے کافی مفید ہے۔ یوگا بہترین ورزش کا طریقہ ہے۔ طلبا نے ٹرینر کے طور طریقوں کی نقل کرتے ہوئے یوگا کا مشق کیا۔ اس موقع پر میگھا کماری، ششر کمار، روی رنجن، سوریہ کمار، پون کمار، ششی کمار، پریانشو، وکاس کمار، کرن کمار اور امیت کمار وغیرہ موجود تھے۔ اسکے علاوہ آمس وگروا بلاک حلقہ کے مڈل اسکول اکونا، سگی، نیما، آمس، شمشیر کھاپ، مونگرائیں، کمہریا، ندیاواں وغیرہ میں بھی طلبا نے یوگا میں حصہ لیا۔

آرہ: گانجہ اور ہیروئن کے ساتھ 4 اسمگلر گرفتار

دو تھانوں میں پولیس نے کی چھاپہ ماری، خریدوفروخت کی ملی تھی اطلاع

آرہ(ایس این بی) بھوجپور پولیس نے جگدیش پور تھانہ حلقہ کے کھپٹاہا گاؤں میں چھاپہ ماری کرکے گانجہ کے ساتھ دو دھندے بازوں کو گرفتار کیا۔ جانکاری جگدیش پور ایس ڈی پی او راجیو چندر سنگھ نے دی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ گانجہ اسمگلنگ میں جگدیش پور کے کھپٹاہا گاؤں وارڈ۔4 باشندہ دکاندار پپولال رام اور بکسر ضلع کے سون ورشا اوپی کے مہادیوگنج باشندہ انوپ کمار سنگھ کو گرفتار کیا گیا ہے۔ قریب تین سو گرام انجہ برآمد کیا گیا ہے۔ پولیس نے این ڈی پی ایس ایکٹ کے تحت ایف آئی آر درج کی ہے۔ موبائل فون بھی ضبط کیا گیا ہے۔ پولیس کو خفیہ اطلاع ملی تھی کہ کھپٹاہا گاؤں کے وارڈ چار باشندہ پپولال رام اپنی کیرانہ دکان میں گانجہ کی خریدوفروخت کررہا ہے۔ اطلاع کی بنیاد پر جگدیش پور تھانہ انچارج بگاؤ رام کی قیادت میں ایک ٹیم کی تشکیل کی گئی اس کے بعد ٹیم ن کھپٹاہا باشندہ پپولال رام کی دکان پر چھاپہ ماری کی۔ دکان سے قریب تین سوگرام گانجہ برآمد کیا گیا۔ ساتھ ہی دکاندار پپولال رام اور بکسر ضلع کے سون ورشا اوپی کے مہادیوگنج باشندہ انوپ کمار سنگھ کو پکڑا۔ ٹیم میں اے ایس آئی رامانوج کمار سمیت مسلح فورس کے جوان شامل تھے۔ ٹاؤن تھانہ حلقہ کے غوث گنج حلقہ میں پولیس نے چھاپہ ماری کرکے ہیروئن کے ساتھ و اسمگلروں کو پکڑا۔ جانکاری ایس پی پرمود کمار نے دی۔ انہوں نے بتایا کہ پٹنہ ضلع کے منیر تھانہ کے لودی پور باشندہ دنیش کمار اور چندن کمار کو گرفتار کیا گیا ہے۔ قریب 15 کلو ہیروئن برآمد ہوئی ہے۔ اسمگلنگ میں استعمال ایک بائک بھی ضبط کی گئی ہے۔ این ڈی پی ای ایکٹ کے تحت ایف آئی آر درج کی گئی ہے۔ پولیس کو خفیہ اطلاع موصول ہوئی تھی غوث گنج حلقہ میں کچھ اسمگلر ہیروئن کی خریدوفروخت کررہے ہیں۔ اس کے بعد ٹاؤن تھانہ انچارج دیوراج رائے کی قیادت میں ٹیم تشکیل کرکے چھاپہ ماری کی گئی۔ اس دوران پولیس ٹیم امیش مالی کے گھر پہنچی تو پولیس کو دیکھ کر خریدوفروخت کرنے والے بھاگنے لگے۔ اس دوران مسلح فورس کی مدد سے دنیش کمار اور چندن کمار کو پکڑا گیا۔ تلاشی لئے جانے پر ایک ایک گرام کی 15 پڑیا ہیروئن برآمد ہوئی۔ بائک کو بھی ضبط کرلیا گیا۔

یوگا ہماری ہندوستانی ثقافت کا لازمی حصہ: ستیہ پرکاش

برونی ریفائنری میں 10ویں بین الاقوامی یوگا ڈے کا انعقاد

بیگوسرائے(محمد عارف حسین/ایس این بی) وزارت آیوش گورنمنٹ انڈیا کی ہدایت کے مطابق برونی ریفائنری میں 10 ویں بین الاقوامی یوگا ڈے کے تحت تاریخ 21 جون 2024 کو صبح 6 بجے ورزش پروگرام کا انعقاد برونی ریفائنری ٹاؤن شپ واقع جبلی ہال میں کیا گیا۔ یوگا کے ماہر بہار اسکول آف یوگ مونگیر راجیو رنجن اور ٹیم نے عام یوگا پریکٹس کے تحت یوگا پروگرام کا اہتمام کیا۔ ستیہ پرکاش ایگزیکٹو ڈائریکٹر اور ریفائنری ہیڈ برونی ریفائنری، جی آر کے مورتی چیف جنرل منیجر پروجیکٹ، ڈاکٹر پرشانت راوت کے چیف جنرل منیجر ہیومن ریسورسز، ایس جی وینکٹیش کے چیف جنرل منیجر ٹی ایس اور ایچ ایس ای، سبرت کمار سرکار کے چیف جنرل منیجر، جنرل منیجر تکنیکی، جنرل منیجر، بی ٹی ایم یو اور آئی او او اے کے نمائندوں کی موجودگی میں پروگرام کا افتتاح کیا۔ اس موقع سے خطاب کرتے ہوئے، ستیہ پرکاش کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر اور ریفائنری ہیڈ نے کہا کہ یوگا ہماری ہندوستانی ثقافت کا لازمی جزو ہے۔ یہ روحانی نظم وضبط اور انتہائی مائکولوجی پر مبنی ایک علم ہے جو جسم اور دماغ کے مابین ہم آہنگی قائم کرتا ہے۔ یہ صحت مند زندگی کا فن اور سائنس ہے۔ اگر ہم یوگا کو نظم وضبط کی طرح اپناتے ہیں تو، ہمارے جسم اور دماغ دونوں صحت مند ہوں گے اور ہم زندگی کے چیلنجوں کا مقابلہ کرنے کے قابل ہوں گے۔ ہم صرف اس وقت اپنے مقاصد کو حاصل کرسکیں گے جب صحت مند اور زندگی میں خوشگوار ماحول ہوگا، یہ معاشرے کی خوشحالی اور پیشرفت کے لئے بھی فائدہ مند ہے۔ جب کوئی شخص اپنی اپنی ترقی پر توجہ مرکوز کرتا ہے تو اسے صحت، استحکام اور اعتماد مل جاتا ہے، وہ معاشرے میں بھی مثبت تبدیلی لانے کے قابل ہے اور ایک ساتھ بات چیت کرنے اور تعاون کرنے کی صلاحیت کو فروغ دیتا ہے۔ اس طرح، یوگا اپنے اور معاشرے کے لئے ایک اہم عمل ہوسکتا ہے جو شخص کے معاشرتی اور ماحول میں مثبت تبدیلیاں لانے میں مدد کرتا ہے۔ یوگا کے ماہر راجیو رنجن نے 300 سے زیادہ ملازمین، گھریلو خواتین اور بچوں نے یوگا کے طریقوں میں پرانیاما، کپلبھتی، ندیشان، انولومولوم، وہم، کمر اور پیچھے کو مضبوط بنانے کے لئے مختلف آسان کروایا۔ یہ جانکاری روی بھوشن کمار سینئر منیجر کارپوریٹ مواصلات برونی نے دی۔

بنیادی مسائل ترجیحی بنیاد پر حل کریں

ضلع مجسٹریٹ کی صدارت میں جائزہ میٹنگ، کئی فیصلے

بہار شریف(ایس این بی) ششانک شوبھنکر، ضلع مجسٹریٹ نالندہ کی صدارت میں مختلف محکموں سے متعلق آئندہ 1 سال کی ترجیحات اور ایکشن پلان کے سلسلے میں متعلقہ محکمہ کے افسران کے ساتھ جائزہ میٹنگ منعقد کی گئی۔ جائزہ کے دوران متعلقہ محکمہ کے عہدیداروں کو ہدایت دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اپنے اپنے محکمہ کے ذریعہ چلنے والے چھوتے بڑے منصوبوں کی تجویز بھیجنے کو یقینی بنائیں۔ انہوں نے کہا کہ خراب سڑکوں کی مرمتی، محروم ٹولوں میں سڑک تعمیر، پل پلیا تعمیر، ہر کھیت تک پانی پہنچانے، نجی ٹیوب ویل لگانے، کھاد، بیج تقسیم وغیرہ کے ایکشن پلان کے لئے جلد از جلد تجاویز بھیجنے کو یقینی بنائیں۔ اگزیکٹو انجینئر بجلی کے محکمہ کو ہدایت دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ٹرانسفارمر کو تیز رفتار سے لگانا یقینی بنائیں، تاکہ نل جل منصوبہ کسی بھی حالت میں متاثر نہ ہوسکے۔ اگزیکٹو انجینئر بلڈنگ ڈپارٹمنٹ کو ہدایت دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بہار شریف میں ہوائی اڈے کی باؤنڈری وال، ہیلی پیڈ تعمیر کی تجویز بھیجنے کو یقینی بنائیں۔ ہدایت دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ متعلقہ محکم مقررہ شکل میں چار دن کے اندر 1 سال کی ترجیح اور ایکشن پلان کی تجویز بھیجنے کو یقینی بنائیں گے۔ اس موقع پر خصوصی اموراافسر خفیہ برانچ، ضلع ٹرانسپورٹ افسر، ضلع سپلائی افسر اور اگزیکٹو انجینئر، افسر وغیرہ موجود تھے۔

ضلع مجسٹریٹ کے جنتا دربار میں 25 معاملوں پر سماعت

مسائل کے حل کیلئے افسران کو دی گئی ہدایت

بہار شریف(ایس این بی) جنتا دربار میں ضلع مجسٹریٹ ششانک شوبھنکر نے آج 25 افراد کے مسائل سنے اور ان مسائل کے حل کے لئے متعلقہ محکمہ کے عہدیداروں کو ضروری رہنما خطوط دیئے۔ چنڈی بلاک کے درخواست دہندہ کو بتایا گیا کہ دوسرے اپیلٹ اتھارٹی کے مسائل کی ابھی تک تشخیص نہیں ہوسکی ہے۔ ضلع مجسٹریٹ کے ذریعہ اس مسائل کے حل کے لئے ایڈیشنل کلکٹر، لوک شکایت کا ازالہ، نالندہ کو ہدایت دی گئی۔ چورسوا گاؤں کے درخواست گزار کے ذریعہ بتایا گیا کہ میں غریبی ریکھا میں رہتے ہوئے مجھے کالونی نہیں مل رہی ہے۔ ضلع مجسٹریٹ کے ذریعہ مسئلہ کے حل کے لئے ڈپٹی ڈیولپمنٹ کمشنر نالندہ کو ہدایت دی گئی۔ درخواست دہندہ کے ذریعہ یہ بتایا گیا تھا کہ ماضی میں درخواست دینے کے باوجود، تجاوزات اور معاوضے کے خاتمے سے متعلق مسئلہ حل نہیں ہوا ہے۔ ضلع مجسٹریٹ نے افسر انچارج، ڈسٹرکٹ ریونیو برانچ، نالنڈا کی ہدایت دی۔ اسلام پور بلاک درخواست گزار کے ذریعہ بتایا گیا کہ گاؤں ویشوک میں غیر مضروعہ زمین کو تجاوزات سے آزاد کرنے سے متعلق معاملے کو ڈی ایم کے زریعہ ایڈیشنل کلکٹر نالندہ کو ہدایت دی گئی۔ درخواست گزار کے ذریعہ بتایا گیا ہے کہ میری غیر موجودگی میں میری زمین کو قبضہ کرکے گھر بنالیا گیا۔ ضلع کے ذریعہ مسئلہ کے حل کے سرکل افسر بہار شریف اور مقامی تھانہ بہار شریف کو ہدایت دی گئی۔ متعلقہ محکمہ کے عہدیداروں کو دیگر درخواستیں بھیج کر قرارداد کے لئے ضروری رہنما خطوط دیئے گئے۔

ضلع پریشد ممبر چندن کے ہاتھوں نالہ تعمیر کا سنگ بنیاد

بیگوسرائے(ایس این بی) صدر بلاک بیگوسرائے حلقہ کے چلمل پنچایت کے وارڈ نمبر 5 اور 6 میں ضلع پریشد مد کے 15 ویں منصوبوں کی رقم سے دو الگ الگ علاوں میں نالہ کم ڈھکن تعمیراتی اسکیموں کا سنگ بنیاد ضلع پرید 23 کے ممبر چندن کمار نے جمعہ کو ناریل پھوڑ کر کیا۔ پہلا منصوبہ ڈھکن سیور تیج 700 فٹ تعمیر کا کام چندر شیکھر شرما کے گھر سے ولایتی شرما کے گھر تک، 23 لاکھ 56 ہزار 200 اور دوسرا ڈکلن جس میں سیور کی تعمیر کی اسکیم 700 فٹ ولائی شرما کے گھر سے جوگی شرما کے فارم سے 700 فٹ میں بنائی جائے گی۔ 22 لاکھ 56 ہزار 200 روپے کی لاگت سے بنایا جائے گا۔ اس موقع پر بورڈ کا سنگ بنیاد رکھتے ہوئے ضلع پریشد ممبر چندن نے کہا کہ سالوں سے چل مل گاؤں میں برسات کے موسم میں پانی جماؤ کی پریشانی سے یہاں کے لوگ پریشان رہتے ہیں۔ ضلع پریشد انتخاب کے وقت میں نے یہاں کے عوام سے یہ وعدہ کیا تھا کہ مسائل کو ہم دور کردیں گے۔ جو خواب آج سچ ہوتا ہوا عوام کو نظر آرہا ہے۔ میں نے پورے چل مل پنچایت کو گود لیا ہے اور اسے ایک مثالی پنچایت بنانا میرا نشانہ ہے۔ ضلع پریشد ممبر چندن ن نالہ تعمیر کا بنیاد رکھنے والے ٹھیکیدار کو کہا کہ نالہ تعمیر کے کام میں معیار سے کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ لہذا، آپ ہمیشہ اس موقع پر معیاری کام کی دیکھ بھال کریں گے۔ اس موقع پر ضلع پریشد کے اکزیکٹو انجینئر چندیشور رام، علاقہ کے جے ای ہری لال کمار، چل مل پنچایت کے مکھیا نمائندہ گڈو کمار، راہل کمار پاسوان، محمد گوہر امام، محمد اشرف، فیصل عالم، شانو کرشن، جواہر مہتو سمیت کئی دیگر گاؤں والے موجود تھے۔

یوگا ڈے کے موقع پر نالندہ کالج میں پروگرام

بہار شریف (ایس این بی) دسویں بین الاقوامی یوگا ڈے کے موقع پر نالندہ کالج میں ایک بڑے پیمانے پر یوگا پروگرام کا اہتمام کیا گیا۔ اس موقع پر پرنسپل، اساتذہ سمیت طلباء نے حصہ لیا۔ پرنسپل ڈاکٹر رام کرشنا پرم ہنس نے یوگا کی مشقیں کیں اور کہا کہ وزیراعظم شری نریندر مودی کی کاوشوں سے 21 جون کو بین الاقوامی یوم یوگا کے طور پر منانے کی شروعات ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ جسم اور دماغ کو پرسکون اور صحتمند رکھنے کے لئے یوگا کرنا بہت ضروری ہے۔ یوگا کرنا جسمانی اور ذہنی فوائد دونوں فراہم کرتا ہے۔ یہ تناؤ، پریشانی کو کم کرنے میں بھی مدد کرتا ہے۔ پروگرام افسر ڈاکٹر ونیت لال نے کہا کہ بین الاقوامی یوگا ڈے کا مقصد یوگا کی مشق کرنے کے فوائد کے بارے میں شعور اجاگر کرنا ہے اور لوگوں کو اپنی روزمرہ کی زندگی کے ایک حصے کے طور پر اسے اپنانے کی ترغیب دینا ہے۔ ہر یوگا سرگرمی لچک، طاقت، جسمانی، ذہنی اور جذباتی توازن کو بہتر بنانے کی کلید ہے جو ہمیں جدید زندگی کے چیلنجوں کو کامیابی کے ساتھ مکمل کرنے کے لئے تیار کرتی ہے۔ ایم سی اے ڈپارٹمنٹ کے کوآرڈینیٹر ڈاکٹر ششانک شیکھر جھا نے کہا کہ دنیا بھر میں اس یوگا پریکٹس کی بڑھتی ہوئی قبولیت اس کی وسیع پیمانے پر مقبولیت کا ثبوت ہے۔ جس کی وجہ سے ہندوستان کا قد دنیا میں ایک روحانی گرو کی حیثیت سے بڑھ رہا ہے۔

دھوکہ دہی کی شکار متاثرہ خاتون کا انصاف کیلئے فریاد

بکھری(ایس این بی) پہلے محبت اور پھر شادی کے بعد دھوکہ دہی کا معاملہ سامنے آیا ہے۔ تازہ معاملہ بکھری میں شادی کے بعد دھوکہ دہی کی شکار ایک متاثرہ خاتون انصاف کے لئے بھٹک رہی ہے، اس سلسلے میں بکھری بلاک کے راٹن پنچایت کے بھائن گاؤں کی رہنے والی متاثرہ رام کماری دیوی نے تھانہ میں درخواست دے کر انصاف کی فریاد کی ہے۔ متاثرہ نے کہا ہے کہ اس کا بھائن کے رہنے والے امرجیت مہتو کے بیٹے پانڈو مہتو کے ساتھ عشق ومعاشقہ چل رہا تھا۔ ایک سال تک تعلقات میں رہنے کے بعد دو سال قبل ان کی شادی ہوگئی۔ شادی کے بعد پانڈو اسے سمستی پور میں رکھ رہا تھا۔ اس دوران ان کے ہاں ایک بچی سریشتی نے جنم لیا۔ اسی درمیان پانڈو نے ایک سال قبل دوسری شادی کرلی۔ جس کی جانکاری اسے گزشتہ دنوں معلوم ہوئی۔ تب وہ اپنی چھ ماہ کی بچی کے ساتھ پانڈو کے گھر بھائن آکر رہنے لگی۔ ادھر اس کا شوہر پانڈو اور اس کے کنبہ کے لوگ اسے قبول کرنے کے لئے تیار نہیں ہے۔ پانڈو اسے بیوی ماننے سے بھی انکار کررہا ہے۔ شوہر اور اس کے ماں باپ وبہنیں روز اس کے ساتھ مار پیٹ واذیت دیتے رہتے ہیں۔ گزشتہ بدھ کو بھی پانڈو کے کہنے پر سسر، ساس اور نندوں نے اس کے اور اس کی نوزائیدہ بچی کے ساتھ مار پیٹ کی اور بچی کو جان سے مارنا چاہا۔ لیکن اس نے بچی کو سسر کے ہاتھوں سے چھین کر اس کی جان بچائی۔ متاثرہ نے درخواست میں قصورواروں کے خلاف کارروائی کی مانگ کی ہے۔ ادھر گاؤں والوں کے مطابق پانڈو متاثرہ کی بھابی کا بھائی ہے۔ جس کا اس کے گھر آنا جانا تھا۔ اسی درمیان میں دونوں کے درمیان عشق ہوا اور معاملہ ریلیشن شپ سے شادی اور پھر بچے کی پیدائش تک پہنچنے کے بعد اس میں کھٹاس آ گئی۔ ڈنڈاری تھانہ حلقہ کے بلہا باشندہ لڑکی کے والد سلندر مہتو نے بتایا کہ وہ فی الحال اپنی بیٹی کو گھر لیکر آ گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بھائن میں ان کی بیٹی کی جان محفوظ نہیں تھی۔ بیٹی کو انصاف دلانے کے لئے وہ کوئی کسر نہیں چھوڑیں گے۔ ذرائع کے مطابق نوجوان مجرمانہ شبیہ کا ہے جن کے اوپر کئی مجرمانہ معاملے درج ہیں۔ ادھر پوچھے جانے پر تھانہ انچارج کم انسپکٹر وکاس کمار رائے نے بتایا کہ درخواست موصول ہوئی ہے معاملے کی جانچ کروائی جارہی ہے۔

کڈزی اور ماؤنٹ لٹرا اسکول میں عالمی یوگا اور عالمی موسیقی ڈے کا انعقاد

بچوں نے من پسند گیت گاکر پروگرام کو دلکش بنایا

بیگوسرائے(ایس این بی) کڈزی اور ماؤنٹ لٹرا اسکول میں یوگا ڈے اور ورلڈ میوزک ڈے بڑے جوش و خروش کے ساتھ منایا گیا۔ صبح سے ہی اسکول میں یوگا ڈے کا ماحول تھا۔ بچوں نے بڑھ چڑھ کر یوگا سنوں میں حصہ لیا۔ اسکول کے اساتذہ نے بھی بچوں کے ساتھ یوگاسن کئے اور انہیں یوگا کی اہمیت کے بارے میں بتایا۔ اسکول کی پرنسپل شیتل دیوی نے بچوں سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہمیں سبھی کو صبح کے 20-30 منٹ یوگا کے لئے ضرور دینا چاہیئے۔ 21 ویں صدی میں یوگا سبھی عمر کے لئے بہت ضروری ہے۔ یوگ ڈے کے ساتھ، آج عالمی موسیقی کا دن ہے۔ بچوں نے اپنی من پسند گیت کو گاکر خوب مستی کی۔ اسکول کی پرنسپل عالمی یوم سنگیت کے موقع پر کہا کہ 'سنگیت ہی زندگی ہے، اسکول کے ڈائریکٹر ڈاکٹر میش دیوانے کہا کہ موسیقی سننا بھی ایک قسم کا یوگا ہے جو ذہن کو راحت بخشتا ہے اور اس نے کہا کہ اکثر گھر کے بزرگ یوگا کرتے ہیں، لیکن بچوں کو یوگا کرنے کی عادت نہیں ڈلواتے ہیں۔ اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپ کے بچے کی جسمانی اور ذہنی نشوونما تیز اور اچھی طرح سے ہو تو، بچوں کو باقاعدگی سے یوگا اور موسیقی حاصل کرنے کی عادت بنائیں۔ ہمیں بچوں کو یوگا اور موسیقی میں شامل ہونے کی ترغیب دینی چاہیئے۔

कार्यपालक अभियंता का कार्यालय
त्रिवेणी नहर प्रमंडल, रक्सौल
बिहार सरकार
अल्पकालीन निविदा आमंत्रण सूचना संख्याः— 02 वर्षः— 2024—25

(1) विज्ञापनदाता का नामः— कार्यपालक अभियंता, त्रिवेणी नहर प्रमंडल, रक्सौल।
(2) निविदा प्रपत्र बिकी की तिथिः— 03.07.2024 से 05.07.2024 (कार्यालय अवधि तक)
(3) निविदा प्राप्ति की तिथिः— 06.07.2024 (3.00 अपराह्न तक)
(4) निविदा (तकनीकि बीड) खुलने की तिथि एवं समयः— 06.07.2024 (3.30 अपराहन् से)
(5) निविदा प्रपत्र बिकी एवं प्राप्ति का स्थानः— (1) मुख्य अभियंता, सिंचाई सृजन जल संसाधन विभाग, मोतिहारी। (2) अधीक्षण अभियंता, तिरहुत नहर अंचल रक्सौल। (3) अधोहस्ताक्षरी कार्यालय।
(6) वित्तीय बीड खोलने की तिथि एवं समयः— सक्षम पदाधिकारी के आदेशानुसार।
(7) कार्य की विवरणीः—

कम सं0	कार्य का नाम	प्राक्कलित राशि	अग्रधन की राशि	परिमाण विपत्र का मूल्य	कार्य समाप्ति की तिथि	कार्य क्षेत्र
01	निरीक्षण भवन मनियारी में Electric,Plumbing एवं मरम्मति कार्य।	2,35,800.00	4750.00	500.00	15 दिन	पश्चिमी चम्पारण

(8) अधोहस्ताक्षरी को यह अधिकार होगा की वह कभी भी बिना कारण बताये निविदा स्थगित या रद कर सकता है।
(9) निविदा की विस्तृत जानकारी हेतु अधोहस्ताक्षरी के कार्यालय में सम्पर्क किया जा सकता है।

(सुजीत कुमार)
कार्यपालक अभियंता
त्रिवेणी नहर प्रमण्डल, रक्सौल
PR. No. 002342 (WRD) 2024-25

सरकारी सेवा जनसेवा का माध्यम है। धर्म ईमान की तरह इसे भी बेदाग रखें।
उक्त सूचना www.state.bihar.gov.in/prdbihar पर भी देखी जा सकती है।
नशे से बचने का है एक ही उपचार, दृढ़ संकल्प और परिवार से प्यार।